سوال

(134)تراویح کے امام کے علاوہ دوسرے امام کا وتر پڑھانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز تراویح میں یہ عمل دیکھنے میں آیا ہے کہ تراویح ایک امام پڑھاتا ہے جبکہ وتر کی جماعت دوسرا امام کراتا ہے کیا یہ عمل قرآن وسنت کے مطابق ہے۔ (سائل مذکور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث مبارکہ سے امام کے لئے جو شرائط ملتی ہیں ان میں یہ بات کہیں بھی موجود نہیں کہ تراویح اور وتر کے لئے ایک امام ہونا چاہیے کوئی بھی صحیح العقیدہ امام ہو اس کی اقتداء میں نماز ادا کرلیں۔ دونوں کے لئے ایک امام بھی نماز ادا کرسکتا ہے اور الگ الگ امام بھی اگر نماز پڑھا دیں تو کوئی قباحت نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب الصلوٰۃ، صفحہ:176

محدث فتویٰ